**01/04/2025**

**12.30 PM(5 min)**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  شبیر الزمان سے خبریں سُنئے**

**وزیر داخلہ**

**مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اگلے ہفتے جموں کشمیر کے دورے پر آ رہے ہیں ۔ وہ یوٹی کی سیکورٹی صورتحال کا اعلیٰ سطح کی میٹنگ میں جائزہ لیں گے ۔**

**توقع ہے کہ وہ بین الاقوامی سرحد کے کچھ اگلے علاقوں کا بھی دورہ کریں گے اور وہاں موجود سیکورٹی انتظامات کا معائینہ کریں گے ۔**

**بس سروس**

**جموں کشمیر میں آج سے خواتین کے لئے مفت بس سروس کا آغاز ہو رہا ہے ۔ وزیر اعلیٰ کے آفیسر آن سپیشل ڈیوٹی ریاض احمد وانی نے بتایا کہ اس بس سروس کا افتتاح وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ آج دوپہر کو SKICC سرینگر میں منعقد ہونے والی ایک تقریب پر کریں گے ۔**

**واضح رہے کہ اس بس سروس کا اعلان جموں کشمیر کے رواںبجٹ اجلاس کے دوران کیا گیا ہے ۔ بجٹ میں اس کے علاوہ بھی کئی فلاحی پروگراموں کا ذکر کیا گیا ہے ۔ آج سے شروع ہونے والی اس مفت بس سروس سے خواتین کے ایک بڑے طبقے کو فائدہ پہنچنے کی توقع ہے ۔**

**غور طلب ہے کہ خواتین کے لئے یہ مفت سروس جموں کشمیر کے تمام اضلاع میں سبھی سرکاری بسوں اور سرینگر سمارٹ سٹی لمیٹڈ کی بسوں میں دستیاب رہے گی ۔**

**کٹرہ ریل**

**وزیر اعظم نریندر مودی کٹرہ سے کشمیر تک پہلی وندے بھارت ریل گاڑی کو 19اپریل کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے اور اس طرح 272کلو میٹر لمبا ادھمپور -سرینگر -بارہمولہ ریل پروجیکٹ بھی مکمل ہوگا۔**

**جموں میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیرڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہاکہ وزیر اعظم 19اپریل کو ادھمپور پہنچیں گے جہاں وہ دنیا کے سب سے اونچے ریلوے پل کا افتتاح کریں گے اور اس کے بعد کٹرہ سے وندے بھارے ریل گاڑی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے ۔**

**جتیندر سنگھ**

**اس دوران ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے تحصیل مجالتہ کے گھمبیر نالہ پر 135 میٹر لمبے ڈبَل لین موٹریبل پُل کا سنگ بنیاد رکھا ۔ اس موقعہ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ مودی سرکار نے نظر انداز کئے گئے علاقوں میں بھی ترقی کا ایک نیا عمل شروع کیا ہے ۔**

**لیفٹنٹ گورنر**

**کیلنڈر کو جاری کرنے کے علاوہ Saptrishi لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے راج بھون جموں میں شاردھا ماتا کی LED-3D ۔ ڈیسک ٹاپپرتیما کی نقاب کشائی کی**

**اس موقعہ پر وِشو کشمیری سماج کے کنوینر کِرن واتَل اور زندگی کے مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والی کچھ دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔**

**اسی دوران لیفٹنٹ گورنر نے جموں سے شری ماتا ویشنو دیوی جی پراچین مارگ پوتر چھڑی یاترا کو جھنڈی دکھا کر ر وانہ کیا ۔ انہوں نے اس موقعے پر شردھالووں کیلئے نیک خواہشات کا اظہارکیا ۔**

**باغ گلِ لالہ**

سرینگر کے زبر ون پہاڑی کے دامن میں جھیل ڈل کے کنارے واقع مشہور باغ گُلِ لالہ میں آنے والے سیاحوں کی تعداد میں روز افزوں زبردست اضافہ دیکھنے کو مل رہا ہے ۔ عید کے موقعہ پر ٹولپ گارڈن جانے والے سیاحوں کی تعداد میںآج کچھ زیادہ ہی جوش و خروش ہے اور اس وقت بھی وہاں سیاحوں کی گہما گھمی ہے جو وہاں دلفریب مناظر کا نظارہ کر رہے ہیں۔

کَل 27 ہزار 350 سیلانیوں نے باغ گُلِ لالہ کی سیر کی جو گزشتہ چھ دنوں کے مقابلے میں وہاں جانے والوں کی تعداد میں سب سے زیادہ ہے ۔ ان میں قریب آٹھ ہزار مقامی سیلانی بھی شامل تھے ۔

عید

ملک بھر میں کل عیدالفطر کی تقریب سعید مذہبی عقیدت و احترام اور روایتی جوش و خروش کے ساتھ منائی گئی۔ عید کی گہما گہمی آج دوسرے روز بھی قائم ہے ۔ عقیدتمندوں نے عیدگاہوں اور بڑی مساجد میں بڑی تعداد میں عید کی نماز ادا کی۔

دلّی میں عید کی نماز بڑے پیمانے پر جامع مسجد، فتح پوری اور شاہی عیدگاہ میں ادا کی گئی۔

اِدھر جموں و کشمیر میں بھی عیدالفطر کا تہوار مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ وادی میں عید نماز کا سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہوا ۔ عید کے موقعہ پر بچے سب سے زیادہ خوش نظر آ رہے ہیں ۔ وہ نئے نئے اور رنگ برنگی کپڑوں میں ملبوس ہو کر عید کی خوشیاں مل جل کر منا رہے ہیں۔ بچوں کی سب سے زیادہ توجہ بڑوں سے عیدی حاصل کرنے پر رہتی ہے ۔

میانمار

میانمار میں پچھلے ہفتے کے تباہ ک

---

ن زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد 2 ہزار سے زیادہ ہو گئی ہے۔ جمعے کو ملک کے منڈالے ± علاقے میں 7 اعشاریہ 7 شدّت کے زلزلے کے کچھ ہی منٹ بعد 6اعشاریہ 4 شدّت کے زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے تھے۔ اِن زلزلوں سے کئی ملکوں تھائی لینڈ، ویتنام، لاو

---

وس اور جنوب مغربی چین میں نقصانات ہوئے۔ۓ

میانما کی فوجی قیادت نے آج کہا کہ اِن زلزلوں کی وجہ سے ابھی تک 2 ہزار 56 افراد ہلاک ہو چکے ہیں، جبکہ 3ہزار 900 سے زیادہ لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ 270 افراد لاپتہ ہیں۔

**یونیفائیڈ پنشن اسکیم**

مرکزی حکومت کے ملازمین کیلئے یونیفائیڈ پنشن اسکیم کا نفاذ آج سے ہو رہا ہے۔ مرکزی حکومت نے، قومی پنشن نظام کے تحت، ایک اختیار کے طور پر، UPS متعارف کرائی ہے۔

پنشن فنڈ کی ضابطہ اور ترقیاتی اتھارٹی نے حال ہی میں UPS کے کام کاج کے طریقوں کیلئے ضابطوں کو نوٹیفائی کیا تھا۔ اِن ضابطوں میں مرکزی حکومت کے ملازمین کے تین گروپ شامل کئے گئے ہیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ